نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔اسلام آباد، پاکستان

۲۱جنوری ۲۰۱۴ء
رابطہ: شعبہ امور عامہ
برائے فوری اجراء
سفارتخانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
۲۰۱۴/۳ء
فون:۰۵۱۲۰۸۲۹۱۱، ۰۵۱۲۰۸۱۱۳۶

امریکی سفیر رچرڈ اولسن کا تعلیم، کاروبار اور زرعی شراکت داری کےفروغ کیلئے فیصل آباد کا دورہ

فیصل آباد (۲۱ جنوری ۲۰۱۴ء) ___ پاکستان میں متعین امریکی سفیر رچرڈ اولسن نے امریکہ اورپاکستان کے درمیان تعلیم، کاروبار اور زراعت کے شعبوں میں شراکت داری کو اجاگر کرنے کیلئے آج فیصل آباد کا دورہ کیا۔ سفیر اولسن نے اس شہر کے اپنے اولین دورے میں دونوں ملکوں کے درمیان تعلیمی تبادلوں، کاروبار اور پنجاب میں غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اعلیٰ معیار کی زرعی تحقیق کیلئے تعاون کو فروغ دینے کیلئے فیصل آباد ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹنگ آفیسر نورالامین مینگل اور دیگر رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں۔

سفیر رچرڈ اولسن نےاپنے دورہ کے دوران گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں لنکن کارنر کا افتتاح کیا۔یہ ریسورس سینٹر امریکہ، حوالے کی کتب،رسائل، ذرائع ابلاغ اور انٹرنیٹ رابطے سے متعلق معلومات کے سلسلے میں معلوماتی مرکزکا کردار اداکرے گا۔سفیر نے کہا کہ یہ لنکن کارنر امریکی اور پاکستانی عوام کے درمیان مضبوط اور بڑھتے ہوئے اشتراک کارکی غمازی کرتاہے۔ انھوں نے کہا کہ یہاں پر موجود ریسورس سینٹر ہماری ثقافتوں کے درمیان مکالمے کا آغازکرنے اور باہمی افہام و تفہیم کیلئے پل تعمیر کرنے کے مواقع پیدا کرے گا۔

سفیر اولسن نے فیصل آباد میں پہلے "ہارڈیز "ریستوران کا بھی افتتاح کرکے امریکی فرنچائزز میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر انھوں نے پاکستانیوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے کاروبار اور سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی۔

۲۰۰۳ء سے اب تک امریکہ اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے درمیان مضبوط شراکت داری قائم ہے جس کے تحت اس یونیورسٹی میں اساتذہ کی ترقی، زرعی علوم میں تحقیق، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مصنوعات کی تجارت کیلئےایک کروڑ۲۴ لاکھ ڈالرعطیے کی اعانت فراہم کی گئی۔سفیر اولسن نے اس شراکت داری اور زرعی تحقیق اور غذائی تحفظ کو فروغ دینے کیلئے جاری دوسرے منصوبوں پر بات چیت کیلئے یونیورسٹی کے حکام سے ملاقات کی۔

###